فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

دَارُالافتاء جامِعَہ نعیمیہ

خیانت کے مرتکب شخص کی اذان کا حکم

سوال:

ہماری مسجد کے مؤذن صاحب عرصۂ دراز سے مسجد کے فنڈ میں خرد برد کر رہے ہیں اور کئی مرتبہ پکڑے گئے، لیکن اپنے عمل سے باز نہیں آتے۔ اب کیا انہیں ان کے منصب سے معزول کر دینا چاہیے؟۔(انتظامیہ جامع مسجد اقصیٰ، گلستانِ جوہر کراچی)۔

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَاب بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّاب

اگر آپ کا بیان درست ہے کہ مؤذن نے مسجد کا فنڈ غبن کیا ہے اور بار بار اس امر کا ارتکاب کر تا رہا ہے، تو ٹھوس ثبوت کی بنیاد پر اُس کو منصب سے ہٹایا جاسکتا ہے، رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

”اَلْاِمَامُ ضَامِنٌ وَّالْمُؤَذِّنُ مُؤْتَمَنٌ، اَللّٰهُمَّ أَرْشِدِ الْاَئِمَّةَ وَاغْفِرْ لِلْمُؤَذِّنِیْنَ“۔

ترجمہ: ”امام (مقتدیوں کی نماز کا) ضامن ہے اور مؤذن (اوقاتِ صلوٰۃ کے شروع ہونے کا اعلان کرنے میں) امین ہے، اے اللہ! اماموں کو ہدایت عطا فرما اور مؤذنوں کی مغفرت فرما، (سُنن ترمذی: 207)“۔

جھوٹ، خیانت، دھوکا دہی، ان عادات کا مرتکب فاسق ہے، تاوقتیکہ سچی توبہ کرے اور آئندہ ان حرکات سے اجتناب کرے۔ فاسق کو مسجد میں باقاعدہ مؤذن مقرر کرنا درست نہیں ہے، فاسق کی اذان کے بارے میں فقہی احکام یہ ہیں:

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: ”وَیُکْرَهُ اَذَانُ الْفَاسِقِ وَلَا یُعَادُ، هٰکَذَا فِی ”الذَّخِیْرَةِ“، وَکَرِهَ اَذَانُ الْجُنُبِ وَاِقَامَتُهٗ بِاتِّفَاقِ الرِّوَایَاتِ وَالْاَشْبَهُ اَنْ یُّعَادَ الْاَذَانُ وَلَا تُعَادَ الْاِقَامَةُ“۔

ترجمہ: ”فاسق کی اذان مکروہ ہے اور اس کا اعادہ نہیں کیا جائے گا، ”ذخیرہ“ میں اسی طرح ہے اور جنبی (یعنی جس پر غسل واجب ہے) کی اذان واقامت بہ اتفاقِ روایات (فقہی) مکروہ ہے۔ بہتر یہ ہے کہ اذان کا اعادہ کیا جائے اور اقامت کا اعادہ نہ کیا جائے، (عالمگیری، ج:1، ص:54)“۔ بشری کمزوریاں تو سب میں ہوتی ہیں اور مُتنبّہ کرکے ان کو اصلاح کا موقع دینا چاہیے۔ لیکن جب کوئی ان اَخلاقی جرائم پر جری ہوجائے، تو اس کا مؤذن کے منصب پر برقرار رکھنا شرعی وقار کے منافی ہے۔

17 ستمبر 2023ء

مفتی منیب الرحمٰن

رئیس دارالافتاء دارالعلوم نعیمیہ، کراچی

DARUL ULOOM JAMIA NAEEMIA
Block-15, Federal, 'B' Area, Karachi-Pakistan.
Ph: 92-21-36314508
muftinaeemia@yahoo.com
نوٹ: کسی بھی مسئلے کی تصدیق کے لیے اس نمبر پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔
دارالعلوم جامعہ نعیمیہ
بلاک نمبر 15 فیڈرل 'بی' ایریا، کراچی